رول نمبر اُمیدوار خود لکھے ...........................

اردو (لازمی)

H.S.S.C (11th) 1st Annual 2024

وقت: 20 منٹ

نمبر: 20

پرچہ II — گروپ: پہلا — معروضی – (iii)

| Paper Code | 6 | 0 | 2 | 5 |
|---|---|---|---|---|

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

## حصہ اوّل

سوال 1:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| -1 | کرکٹ ــــــ پسندیدہ کھیل ہے۔ | میری | میرے | میرو | میرا |
| -2 | غیر مردّف غزل میں قافیہ آتا ہے: | شعر کے شروع میں | صرف پہلے شعر میں | شعر کے آخر میں | کبھی بھی نہیں آتا |
| -3 | ابتدائے عشق ہے روتا ہے کیا آگے آگے دیکھیے ہوتا ہے کیا اس میں ردیف ہے: | ہے کیا | ہوتا ہے | ہوتا ہے کیا | روتا، ہوتا |
| -4 | مقطع کے لغوی معنی ہیں: | کھیتی باڑی | آغاز | شروع ہونا | کاٹنے کی جگہ |
| -5 | غزل میں آہنگ اور ترنم آتا ہے: | قافیہ سے | استعارہ سے | تضاد سے | مقطع سے |
| -6 | نیکی ــــــ راہ بہت کٹھن ہے۔ | کا | کی | کے | کو |
| -7 | مطلع پہلا شعر ہوتا ہے: | نظم اور غزل کا | غزل اور قصیدہ کا | غزل اور مرثیہ کا | غزل اور شہر آشوب کا |
| -8 | اس لڑکی ــــــ مزاج درست نہیں ہے۔ | کا | کی | کو | کے |
| -9 | مُرغِ تعصب کی بنیاد پر خون کا پیاسا سمجھتے ہیں: | ہر انسان کو | ہر قصاب کو | ہر مسلمان کو | ہر دکان دار کو |
| -10 | طرفین تشبیہ ہیں: | مشبہ + حرف تشبیہ | مشبہ + وجہ تشبیہ | مشبہ + غرض تشبیہ | مشبہ + مشبہ بہ |
| -11 | یہ خوبی آدمی کو معزز اور قابل ادب بناتی ہے: | عمدہ روّیہ | عمدہ چال چلن | عمدہ کردار | عمدہ صلاحیت |
| -12 | "چراغ کی لَو" کی صنف ہے: | افسانہ | ناول | مضمون | سفر نامہ |
| -13 | "زمانہ" میں علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے اشعار دیکھے: | نظیر اکبر آبادی کے | جگر مراد آبادی کے | داغ دہلوی کے | اکبر الٰہ آبادی کے |
| -14 | آپ کے جسم پر میل ــــــ ہے۔ | جمی ہوئی | جمے ہوئی | جما ہوا | جمی ہوئیں |
| -15 | لاہور کے ہر مربع انچ میں موجود ہے: | سکول | پارک | انجمن | کالج |
| -16 | تلمیح لفظ ہے: | فارسی کا | ہندی کا | عربی کا | اُردو کا |
| -17 | پاکستان ــــــ عوام جمہوریت پسند ہے۔ | کا | کی | کے | کو |
| -18 | "وجہ جامع" رکن ہے: | تشبیہ کا | استعارہ کا | تلمیح کا | تضاد کا |
| -19 | تشبیہ کے لیے لازم ہے: | ہم آواز الفاظ | مشترک صفت | ہم معنی الفاظ | اُدھار لینا |
| -20 | "ابنِ مریم ہوا کرے کوئی" میں موجود ہے: | تلمیح | استعارہ | تضاد | مقطع |

www.pakcity.org

Please visi for more Download PDF at: www.pakcity.org

H.S.S.C (11th) 1st Annual 2024

رول نمبر اُمیدوار خود لکھے.............

وقت: 2:40 گھنٹے

اُردو (لازمی) پرچہ: II گروپ: پہلا انشائی نمبر: 80

## حصہ دوم

سوال 2: (الف) نظم کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے، نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (دیکھیے نظم نمبر 11: قطعات) 10 = 4 + 4 + 1 + 1

اے ساقی گل فام! برا ہو ترا تو نے باتوں میں لبھا کر ہمیں وہ جام پلایا
یہ حال ہے سو سال غلامی میں بسر کی اور ہوش ہمیں اب بھی مکمل نہیں آیا

(ب) غزل کے درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (دیکھیے غزل 1: احمد ندیم قاسمی) 10 = 3 + 3 + 3 + 1

ایک نعمت بھی یہی، ایک قیامت بھی یہی روح کا جاگنا اور آنکھوں کا بینا ہونا
جو برائی تھی، مرے نام سے منسوب ہوئی دوستو! کتنا برا تھا مرا اچھا ہونا
قعرِ دریا میں بھی آ نکلے گی سورج کی کرن مجھ کو آتا نہیں محروم تمنا ہونا

## (حصہ دوم)

سوال 3: سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 15 = 3+10+1+1

(الف) ''ولایت میں ''خطباتِ احمدیہ'' کے لکھنے میں انھوں نے ڈیڑھ برس برابر ایسی محنت شاقہ کی۔ جس سے آخر کار اُن کے پاؤں میں ایک مرض پیدا ہو گیا۔ جو اخیر دم تک زائل نہیں ہوا۔ جس زمانے میں سائنٹیفک سوسائٹی کا مکان بنوا رہے تھے۔ سخت گرمی کا موسم تھا۔ شام تک لُو چلتی تھی اور کچہری سے آ کر خس کی ٹٹی اور پنکھا چھوڑ کر سیدھے سوسائٹی پہنچتے تھے اور عصر اور مغرب کی نمازیں وہیں پڑھتے تھے''۔ (دیکھیے سبق نمبر 3: سرسید کے اخلاق و خصائل، اقتباس 2)

(ب) ''یہ بھی مشہور ہے کہ پانچ ہزار ٹکٹ چھاپے گئے ہیں۔ جو مسلمان شہر میں اقامت چاہے، بقدرِ مقدور نذرانہ دے۔ اس کا اندازہ قرار دینا حاکم کی رائے پر ہے۔ روپیا دے اور ٹکٹ لے۔ گھر برباد ہو جائے، آپ شہر میں آباد ہو جائے۔ آج تک یہ صورت ہے، دیکھیے شہر کے بسنے کی کون مہورت ہے؟ جو رہتے ہیں وہ بھی اخراج کیے جاتے ہیں۔ یا جو باہر پڑے ہوئے ہیں وہ شہر میں آتے ہی؟ الملک للہ والحکم للہ''۔ (دیکھیے سبق نمبر 9: مکتوبات غالب، اقتباس 1)

سوال 4: کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 9+1

(الف) اوورکوٹ (دیکھیے سبق نمبر 6) (ب) دوستی کا پھل (دیکھیے سبق نمبر 12)

سوال 5: نظم ''تسلیم و رضا'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (دیکھیے نظم نمبر 3) 5

سوال 6: دو طالب علموں کے مابین ''ماحولیاتی آلودگی'' کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا 10

اپنے کالج میں ٹریفک مسائل سے آگاہی کے سیمینار کی روداد لکھیے۔

سوال 7: کیمرہ کے فروخت کی رسید لکھیے۔ 10

سوال 8: درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 10 = 8 + 2

جب دل میں کسی بڑے مقصد کی خواہش ہو مگر اُس کے لیے صلاحیت نہ ہو تو ہم پریشان رہتے ہیں۔ سکون کے لیے ضروری ہے کہ یا تو خواہشیں کم کی جائیں یا صلاحیت بڑھائی جائے۔ ہر خواہش کی تکمیل کے لیے ایک عمل ہے۔ عمل نہ ہو تو خواہش محض خواب ہے۔ ہمیں جیسی زندگی کی طلب ہو ویسا عمل درکار ہے اور جیسی عاقبت چاہیے ویسا عمل کرنا ہو گا۔ دُنیا میں سربلندی محنت کرنے والوں کے لیے ہے اور آخرت میں سرفرازی نیکی والوں کے لیے۔

www.pakcity.org


Please visi for more Download PDF at: www.pakcity.org

رول نمبر امیدوار خود لکھے ..............................

اردو (لازمی)

وقت: 20 منٹ

H.S.S.C (11th) 1st Annual 2024

نمبر: 20

گروپ: دوسرا

معروضی - (ii)

| Paper Code | 6 | 0 | 2 | 4 |
|---|---|---|---|---|

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

## حصہ اوّل

سوال 1:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| -1 | اُردو پاکستان میں ۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔ | بولا جاتا | بولی جاتی ● | بولے جاتے | بولی جاتیں |
| -2 | "ادات تشبیہ" کہتے ہیں: | غرضِ تشبیہ کو | وجہ شبہ کو | طرفین تشبیہ کو | حروفِ تشبیہ کو ● |
| -3 | "طرفین استعارہ" کہتے ہیں: | وجہ جامع کو | مشبہ اور مشبہ بہ کو | مستعار لہٗ اور مستعار منہ کو ● | مستعار کو |
| -4 | تلمیح لفظ ہے: | اُردو زبان کا | فارسی زبان کا | عبرانی زبان کا | عربی زبان کا ● |
| -5 | "آ رہی ہے چاہِ یوسف سے صدا" یہ مصرع علم بدیع کی رُو سے ہے: | تشبیہ | استعارہ | تلمیح ● | تجنیس |
| -6 | میں نے آج ۔۔۔۔ اخبار نہیں پڑھا۔ | کی | کا ● | کے | کو |
| -7 | تشبیہ کی بنیاد ۔۔۔۔۔۔۔ پر ہوتی ہے۔ | مجاز | حقیقت ● | ظاہریت | داخلیت |
| -8 | بچوں نے اودھم مچا ۔۔۔۔۔۔۔ | رکھا ● | رکھے ہیں | رکھی ہے | رکھی ہیں |
| -9 | غالب "میرٹھ" میں رہے: | دو دن | تین دن | چار دن ● | پانچ دن |
| -10 | ردیف اصطلاح ہے: | نثری | افسانوی | سیاسی | شعری ● |
| -11 | سبق "اُسوۂ حسنہ" ماخوذ ہے: | خطباتِ مدراس سے ● | خطباتِ بہاول پور سے | خطباتِ لکھنؤ سے | خطباتِ لاہور سے |
| -12 | سرسید نے "خطباتِ احمدیہ" لکھی تھی: | چین میں | جاپان میں | امریکہ میں | ولایت میں ● |
| -13 | ایتھن کا باپ پیتا تھا: | بیڑی ● | شراب | چائے | سگریٹ |
| -14 | رضوان ۔۔۔۔ املا درست ہے۔ | کی | کے | کا ● | کو |
| -15 | ڈاکٹر فضل الباری تھے: | وزیرِ خزانہ | وزیرِ صحت ● | وزیرِ خارجہ | وزیرِ تعلیم |
| -16 | ۔۔۔ کے معنی ہیں پیچھے پیچھے آنے والا، پے در پے آنے والا۔ | ردیف | مطلع | مقطع | قافیہ ● |
| -17 | میں نے بائیکل ۔۔۔۔۔۔ ہے۔ | خریدا | خریدی ● | خریدیں | خریدے |
| -18 | ہم آواز ہونا | ہم آواز ہونا ● | ہم شکل ہونا | ہم مرتبہ ہونا | ہم ردیف ہونا |
| -19 | غزل کے جس شعر میں شاعر کا تخلص موجود ہو تو وہ مقطع کہلاتا ہے: | پہلا | دوسرا | تیسرا | آخری ● |
| -20 | شاعر کا "قلمی نام" کہلاتا ہے: | خطاب | لقب | کنیت | تخلص ● |

www.pakcity.org



Please visi for more Download PDF at: www.pakcity.org

وقت: 2:40 گھنٹے    H.S.S.C (11th) 1st Annual 2024    رول نمبر اُمیدوار خود لکھے............

اُردو (لازمی) پرچہ: I    گروپ: دوسرا    انشائی    نمبر: 80

سوال 2: (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (دیکھیے نظم نمبر 4: میدانِ کربلا میں صبح کا منظر) 1+1+4+4 = 10

وہ دشت وہ نسیم کے جھونکے، وہ سبزہ زار    پھولوں پہ جا بجا، وہ گہر ہائے آب دار
اٹھنا وہ جھوم جھوم کے شاخوں کا، بار بار    بالائے نخل ایک جو بلبل تو گل، ہزار

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (دیکھیے غزل 2: حیدر علی آتش) 1+3+3+3 = 10

یہ آرزو تھی، تجھے گل کے روبرو کرتے    ہم اور بلبل بے تاب، گفت گو کرتے
پیام بر نہ میسر ہُوا تو خُوب ہُوا    زبانِ غیر سے کیا شرح آرزو کرتے
بری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ    کسی حبیب کی، یہ بھی ہیں جستجو کرتے

## (حصہ دوم)

سوال 3: سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے، نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 1+1+10+3 = 15

(الف) اس جبلی مہر و محبت کا مقتضا تھا کہ وہ اپنے رفیقوں اور نوکروں اور لگے بندھوں کو تابمقدور عمر بھر اپنے ساتھ نباہنا چاہتے تھے۔ جس شخص کے قدم ان کے ہاں جم گئے پھر نہ وہ اس کو اپنے پاس سے جدا کرنا چاہتے تھے اور نہ وہ ان سے جدا ہونا چاہتا تھا۔ اول تو وہ کسی کی شکایت سنتے نہ تھے اور اگر کوئی کسی ملازم کی کوئی شکایت کرتا تھا تو اس کا کچھ اثر نہ ہوتا تھا۔ ان کے ایک قدیم ملازم کی لوگوں نے ان سے بارہا شکایت کی مگر وہ کسی طرح ان کے دل سے نہ اترا۔ (دیکھیے سبق نمبر 3: سرسید کے اخلاق و خصائل، اقتباس 4)

(ب) لاہور تک پہنچنے کے کئی راستے ہیں لیکن دو ان میں سے بہت مشہور ہیں، ایک پشاور سے آتا ہے، دوسرا دہلی سے۔ وسطی ایشیا کے حملہ آور پشاور کے راستے اور یوپی کے حملہ آور دہلی کے راستے وارد ہوتے ہیں۔ اول الذکر اہلِ سیف کہلاتے ہیں اور غزنوی یا غوری تخلص کرتے ہیں۔ مؤخرالذکر اہلِ زبان کہلاتے ہیں۔ یہ بھی تخلص کرتے ہیں اور اس میں یدِ طولیٰ رکھتے ہیں۔ (دیکھیے سبق نمبر 11: لاہور کا جغرافیہ، اقتباس 2)

www.pakcity.org

سوال 4: کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 1+9 = 10

(الف) اوورکوٹ (دیکھیے سبق نمبر 6)    (ب) اور آنا گھر میں مرغیوں کا (دیکھیے سبق نمبر 14)

سوال 5: اختر شیرانی کی نظم ''برسات'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (دیکھیے نظم نمبر 6) 5

سوال 6: ٹریفک کے بڑھتے ہوئے مسائل کے موضوع پر دو دوستوں کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

ایک طالب علم کا روزنامچہ تحریر کیجیے۔

سوال 7: پرانی کار فروخت کی رسید تحریر کیجیے۔ 10

سوال 8: درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور اس کا مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 2+8 = 10

خدمتِ خلق بڑی نیکی اور عبادت ہے۔ خدمتِ خلق کا جذبہ بڑی اہمیت کا حامل ہے اس لیے یہ جذبہ ہی درحقیقت کسی قوم کی کامرانی اور کامیابی کا ضامن ہے۔ یہ نہ ہو تو قوم تباہ و برباد ہو جائے جب قوم کے افراد میں نفسا نفسی کا عالم ہو اور وہ اپنا اپنا راگ اور اپنی اپنی ڈفلی کے اصولوں پر عمل کرنے لگیں۔ انہیں اپنے رشتہ داروں کی فکر نہ ہو، پڑوسیوں کا خیال نہ ہو، بیمار کی تیمارداری ان کے لیے ضروری نہ ہو تو ایسی قوم ہرگز ترقی نہیں کر سکتی۔ ترقی تو ایک بڑی بات ہے ایسی قوم کا زندہ رہنا ہی مشکل ہے۔ جس قوم نے اس جذبے کو اپنا لیا وہی ترقی کے راستے پر گامزن ہو سکتی ہے۔


Please visi for more Download PDF at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Sahiwal Board-2023

Roll No. (امیدوار خود پُر کرے)

**H.S.S.C (11th)1st Annual 2023**

اُردو (لازمی) — وقت : 20 منٹ

پرچہ: I — گروپ : پہلا — معروضی-(iii) — نمبر : 20

Paper Code 6025

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C, B, A اور D دیے گئے ہیں۔ اپنی جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

pakcity.org

سوال نمبر-1 — حصہ اول

| جزو۔ | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | مردّف غزل کے لیے ضروری ہے۔ | مقطع | ردیف | مطلع | تشبیہ |
| .2 | شاعری کی طرف اسے قدرتی میلان ______۔ | تھیں | تھی | تھے | تھا |
| .3 | اچھن کے گھر میں دیا سلائی نہیں ______۔ | تھی | تھے | تھا | تھیں |
| .4 | 'کاٹنے کی جگہ' کس شعری اصطلاح کا لغوی معنی ہے؟ | مقطع | مطلع | قافیہ | ردیف |
| .5 | وہ ______ وضع کا خیال رکھتا ہے۔ | اپنا | اپنی | اپنے | اپنوں |
| .6 | اس نے ______ بھنوؤں کو سکیڑا۔ | اپنی | اپنے | اپنا | کوئی بھی نہیں |
| .7 | افسانہ "سفارش" کس نے لکھا؟ | ٹیکا کوچوان | پریم چند | احمد ندیم قاسمی | پطرس بخاری |
| .8 | قواعد کی رُو سے مطلع ہے۔ | اسم معرفہ | اسم صوت | اسم ظرف مکاں | اسم ظرف زماں |
| .9 | کوچوان کے گھر میں پٹس پڑ ______۔ | گیا | گئی | گئے | گئیں |
| .10 | غزل کا پہلا مقفّیٰ شعر کہلاتا ہے۔ | مُردّف | مطلع | مقطع | حسنِ مطلع |
| .11 | ایک عرب علّامہ اقبال کی کون سی مثنوی کو عربی میں ترجمہ کرانا چاہتا تھا؟ | اسرارِ خودی | بانگِ درا | بالِ جبریل | رموزِ بے خودی |
| .12 | وجہ جامع کس کا رکن ہے؟ | استعارہ | تلمیح | تشبیہ | مجازِ مرسل |
| .13 | طرفین استعارہ کون سے ہیں؟ | مستعارلہٗ | مستعارمنہٗ | مستعارلہٗ ، مستعارمنہٗ | وجہ جامع |
| .14 | 'بس میں لٹک رہا تھا کوئی ہار کی طرح' اس مصرعے میں: | استعارہ ہے | تشبیہ ہے | تلمیح ہے | کنایہ ہے |
| .15 | طرفین تشبیہ کہتے ہیں۔ | مشبّہ اور وجہ کو | مشبّہ اور غرض تشبیہ | حرف تشبیہ اور مشبّہ | مشبّہ اور مشبّہ بہ |
| .16 | نصاب میں شامل 'مکتوباتِ غالب' کس کے مرتّب کردہ ہیں؟ | شفیع عقیل | وارث علوی | ڈاکٹر معین الرحمٰن | غلام رسول مہر |
| .17 | درج ذیل میں سے کون سی تلمیح نہیں ہے؟ | آبِ زر | آبِ حیات | آبِ زم زم | آتشِ نمرود |
| .18 | نوجوان بھرپور جاڑے کے موسم میں کس دن کی شام کو مٹر گشت کر رہا تھا؟ | جمعہ | ہفتہ | اتوار | بدھ |
| .19 | نصاب میں شامل مضمون 'اپنی مدد آپ' کا آغاز کس سے ہوتا ہے؟ | محاورہ | ضرب المثل | کہاوت | مقولہ |
| .20 | ہم آواز مگر بدل بدل کر آنے والے الفاظ کہلاتے ہیں۔ | مطلع | ردیف | مقطع | قافیہ |



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Sahiwal Board-2023

Roll No. (طالب علم خود پُر کرے)

اردو (لازمی) **H.S.S.C (11th)1st Annual 2023** وقت : 2:40 گھنٹے

پرچہ : I گروپ : پہلا انشائی نمبر : 80

pakcity.org

## حصّہ دوم

2. (الف) نظم کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے، نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھئے۔ (10=1+1+4+4)

اشکوں سے ترے، دین کی کھیتی ہوئی سیراب فاقوں نے ترے، دہر کو بخشا سر و ساماں

انسان کو شائستہ و خوددار بنایا تہذیب و تمدّن، ترے شرمندۂ احساں

(ب) غزل کے درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجئے، شاعر کا نام بھی لکھئے۔ (10=1+3+3+3)

جان آخر تو جانے والی تھی اُس پہ کی ہوتی، مَیں نثار اے کاش!

اس میں راہِ سخن نکلتی تھی شِعر ہوتا ترا شِعار، اے کاش!

شش جہت اب تو تنگ ہے ہم پر اس سے ہوتے نہ ہم، دوچار اے کاش!

## حصّہ سوئم

3. سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھئے۔ (15=1+1+10+3)

(الف) ظرافت اور خوش طبعی ان کی جبِلّت میں داخل تھی مگر جس طرح ان کی اور باتوں میں بناوٹ نہ تھی اسی طرح ظرافت اور خوش طبعی میں مطلق تصنّع نہ تھا۔ تحریر میں، تقریر میں، بات چیت میں جو لطیفہ یا شوخی ان کو سوجھ جاتی تھی اگرچہ کیسی ہی شرم و حجاب کی بات ہو ان سے ضبط نہ ہو سکتی تھی مگر ہر ایک امر کے بیان کرنے کا خدا نے ایسا سلیقہ دیا تھا کہ کوئی بات تہذیب کی حد سے متجاوز نہ ہونے پاتی تھی۔

(ب) بالاخانے کا جو دالان میرے اٹھنے بیٹھنے، سونے جاگنے، جینے مرنے کا محل ہے، اگرچہ گرا نہیں لیکن چھت چھلنی ہو گئی۔ کہیں لگن، کہیں چلمچی، کہیں اُگالدان رکھ دیا۔ قلمدان، کتابیں اٹھا کر توشے خانے کی کوٹھڑی میں رکھ دیے۔ مالک مرمت کی طرف متوجہ نہیں۔ کشتیِ نوح میں تین مہینے رہنے کا اتفاق ہوا۔ اب نجات ہوئی ہے۔ نواب صاحب کی غزلیں اور تمھارے قصائد دیکھے جائیں گے۔

4. کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے اور مصنف کا نام بھی لکھئے۔ (10=1+9)

(الف) ابوالقاسم زہراوی (ب) اور آنا گھر میں مرغیوں کا

5. علامہ اقبال کی نظم 'خطاب بہ جوانانِ اسلام' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ (5)

6. اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے حوالے سے گاہک اور دکان دار کے درمیان مکالمہ تحریر کیجئے۔ (10)

**یا**

کالج میں منعقدہ 'یومِ آزادی' کی تقریب کی روداد تحریر کیجئے۔

7. وصولی رقم بابت کرایہ مکان کی رسید لکھئے۔ (10)

8. درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجئے۔ (10=2+8)

وینس کا حُسن دن کی نسبت رات کو کسی قدر نکھر آتا ہے۔ اُس وقت اس میں بے پناہ کشش پیدا ہو جاتی ہے۔ جس کے سامنے باہر سے آنے والے مسافر اپنے آپ کو بے بس محسوس کرتے ہیں۔ اس حُسن کا تعلق برقی قمقموں یا تیز روشنی سے نہیں بلکہ اس تاریکی سے ہے جو شام کے دھندلکے کے ساتھ ہی وینس کی لہروں میں اترنا شروع ہو جاتی ہے اور جوں جوں شام گزرتی ہے اس تاریکی کی گہرائی خود وینس کے حسین چہرے کو اس طرح پُرکشش بنا دیتی ہے جس طرح سے بعض اوقات سیاہ پلکوں میں لپٹی ہوئی شفاف آنکھوں کا حُسن کاجل کی سیاہی سے ابھر آتا ہے۔

207-323-1A-34000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Sahiwal Board-2023

Roll No. (امیدوار خود پُر کرے)

اُردو (لازمی) **H.S.S.C (11th)1st Annual 2023** وقت : 20 منٹ

پرچہ: I گروپ : دوسرا معروضی-(iv) نمبر : 20

Paper Code 6 0 2 8

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C, B, A اور D دیئے گئے ہیں۔ اپنی جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

pakcity.org

سوال نمبر-1 حصہ اول

| جزو | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا<br>رنج راحت فزا نہیں ہوتا<br>اس شعر میں قافیہ ہے۔ | نہیں ہوتا | راحت فزا | ذرا، فزا | ہوتا |
| .2 | اس نے مجھے دغا ________۔ | دیئے | دینا | دیا | دی |
| .3 | گھوڑا گاڑی آ ________۔ | رہی ہے | رہا ہے | رہے ہیں | رہتے ہیں |
| .4 | جس غزل میں ردیف نہ ہو، اسے کہتے ہیں۔ | مردّف غزل | نظم | قصیدہ | غیر مردّف غزل |
| .5 | میرے قلم ________ نب خراب ہے۔ | کا | کے | کی | کو |
| .6 | ایک مسلمان کی کامیابی اور تکمیل روحانی کے لیے ضروری ہے۔ | اتفاق و اتحاد | نماز و روزہ | حدیثِ نبوی ﷺ | سنتِ نبوی ﷺ |
| .7 | پانی میں جھاگ ________۔ | اُٹھا | اُٹھی | اُٹھے | اُٹھیں |
| .8 | جس شعر میں شاعر اپنا تخلص استعمال نہیں کرتا، اسے کہتے ہیں۔ | مقطع | مطلع | قافیہ | غزل کا آخری شعر |
| .9 | ہم نے تاش ________۔ | کھیلی | کھیلا | کھیلو | کھیل |
| .10 | قافیہ آتا ہے۔ | ردیف کے بعد | شعر کے درمیان | شعر کے شروع میں | ردیف سے پہلے |
| .11 | اس دنیا کی بنیاد ہے۔ | اختلاف عمل | تعاونِ عمل | اجتماعی عمل | ذاتی عمل |
| .12 | 'خیبر شکن' ہے۔ | تشبیہ | استعارہ | تلمیح | کنایہ |
| .13 | تلمیح کس زبان کا لفظ ہے؟ | اردو | فارسی | ہندی | عربی |
| .14 | 'صنم آخر خدا نہیں ہوتا' اس مصرعہ میں صنم ہے۔ | مستعارلہٗ | مستعار منہٗ | وجہ جامع | مشبہ بہ |
| .15 | جس چیز کو تشبیہ دی جائے اسے کہتے ہیں۔ | مشبّہ | مشبہ بہ | حرفِ تشبیہ | وجہ شبہ |
| .16 | نوجوان کو حادثہ پیش آیا۔ | ڈیوس روڈ پر | مال روڈ پر | لاہور روڈ پر | لارنس روڈ پر |
| .17 | کس چاند سے آنکھ جا لڑی میں 'چاند' ہے۔ | مشبّہ | تلمیح | مستعار منہٗ | کنایہ |
| .18 | حضرت قمر کی بیوی کا نام ہے۔ | رضیہ | رفعیہ | آمنہ | سکینہ |
| .19 | ابوالقاسم زہراوی کی مشہور تصنیف کا نام ہے۔ | تنزیل | تحریم | تصریف | تکمیل |
| .20 | مطلع غزل کا کون سا شعر ہوتا ہے؟ | پہلا | دوسرا | تیسرا | چوتھا |

www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Sahiwal Board-2023

Roll No. | (امیدوار خود پُر کرے)

اُردو (لازمی) — H.S.S.C (11th)1st Annual 2023 — وقت : 2:40 گھنٹے

پرچہ : I — گروپ : دوسرا — انشائی — نمبر : 80

## حصہ دوم

2. (الف) نظم کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے، نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10=1+1+4+4)

لاکھ پردوں میں ہے تُو بے پردہ — سو نشانوں پہ، بے نشاں تُو ہے

تُو ہے خلوت میں، تُو ہے جلوت میں — کہیں پنہاں، کہیں عیاں تُو ہے

pakcity.org

(ب) غزل کے درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے، شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10=1+3+3+3)

مشکل ہیں اگر حالات وہاں، دل بیچ آئیں جاں دے آئیں — دل والو کوچہ جاناں میں کیا ایسے بھی حالات نہیں

جس دھج سے کوئی مقتل میں گیا، وہ شان سلامت رہتی ہے — یہ جان تو آنی جانی ہے، اس جاں کی تو کوئی بات نہیں

میدانِ وفا دربار نہیں، یاں نام و نسب کی پوچھ کہاں — عاشق تو کسی کا نام نہیں، کچھ عشق کسی کی ذات نہیں

## حصہ سوئم

3. سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (15=1+1+10+3)

(الف) آج بھی چھوٹے قصبوں میں کثرت سے ایسے خوش عقیدہ حضرات مل جائیں گے جن کا ایمان ہے کہ مرغ بانگ نہ دے تو پو نہیں پھٹتی لہٰذا کفایت شعار لوگ الارم والی ٹائم پیس خریدنے کے بجائے مرغ پال لیتے ہیں تاکہ ہمسایوں کو سحر خیزی کی عادت رہے۔ بعضوں کے گلے میں قدرت نے وہ سحر جلال عطا کیا ہے کہ نیند کے ماتے تو ایک طرف رہے، ان کی بانگ سُن کر ایک دفعہ تو مردہ بھی کفن پھاڑ کے اکڑوں بیٹھ جائے۔

(ب) "تمھارے جیسے عزت کے ہوس مندوں کی یہی سزا ہے۔ اب تو آنکھیں کھلیں کہ تم کتنی عزت کے مستحق ہو۔ تم خود اس غرض مند دنیا میں کسی کے کام نہیں آسکتے۔ وکیل تمھارا احترام کیوں کریں؟ تم ان کے مؤکل نہیں ہوسکتے۔ ڈاکٹر اور حکیم تمھاری طرف کیوں دیکھیں؟ انھیں بغیر فیس کے گھر آنے کی ضرورت نہیں۔ تم لکھنے کے لیے بنے ہو۔ لکھتے جاؤ۔ اس دنیا میں تمھارا اور کوئی مصرف نہیں"۔

www.pakcity.org

4. کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10=1+9)

(الف) ابوالقاسم زہراوی (ب) چراغ کی لو

5. مست توکلی کی نظم "وحدانیت" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6. دو دوستوں کے درمیان "برقی تعطل (لوڈشیڈنگ)" کے اسباب وانسداد کے حوالے سے مکالمہ تحریر کیجیے۔ (10)

**یا**

کالج میں پہلے دن کی روداد لکھیے۔

7. قرض حسنہ کی رسید لکھیے۔ (10)

8. درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ (10=2+8)

مسلمانوں کے زوال کا ایک سبب یہ رہا ہے کہ تعلیم کو کبھی اہمیت نہیں دی گئی۔ وسائل کا رُخ بالعموم ایسے منصوبوں کی طرف رہا جو قوم کے مستقبل کی تعمیر کے لیے چنداں مفید نہ تھے۔ اکیسویں صدی کی ایک دہائی گزر جانے کے بعد بھی اسلامی دنیا میں صرف پانچ یونیورسٹیاں تھیں جبکہ صرف بھارت میں پونے نوہزار کے قریب یونیورسٹیاں کام کر رہی ہیں۔ جاپان کے شہر ٹوکیو میں یونیورسٹیوں کی تعداد پورے عالم اسلام کی جامعات سے زیادہ ہے۔

208-323-1A-35000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Sahiwal Board-2022

Roll No. (اُمیدوار خود پُر کرے)

H.S.S.C (11th)-A-2022

اُردو (لازمی) وقت : 20 منٹ

پرچہ: I گروپ : پہلا معروضی-(iii) نمبر : 20

Paper Code 6 0 2 5

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ اپنی جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

pakcity.org

سوال نمبر-1 حصہ اول

| جزو | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | کراچی ____ اخباروں میں یہ خبر چھپی ہے۔ | کی | کے | کیں | کا |
| .2 | ردیف کس زبان کا لفظ ہے؟ | اُردو | فارسی | عربی | ترکی |
| .3 | مطلع کہتے ہیں۔ | غزل کے پہلے شعر کو | غزل کے آخری شعر کو | نظم کے پہلے شعر کو | غزل کے پہلے شعر کو جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں |
| .4 | قافیہ کن الفاظ کو کہتے ہیں؟ | ہم آواز | ہم جنس | ہم صورت | ایک جیسے |
| .5 | " اب تو کچھ اور ہی اعجاز دکھایا جائے<br>شام کے بعد بھی سورج نہ بجھایا جائے" اس شعر میں قافیہ ہے۔ | اعجاز | شام اور سورج | دکھایا، بجھایا | جائے |
| .6 | ہجوم بے تحاشا نعرے لگا ______۔ | رہا تھا | رہے تھے | رہی تھی | رہی تھیں |
| .7 | غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے۔ | مطلع | مقطع | حسنِ مطلع | ردیف |
| .8 | پچاس روپے ____ دہی لاؤ۔ | کی | کا | کو | کے |
| .9 | سرسید کی مرغوب غذا تھی۔ | کھیر | گوشت | دال | جو مل جائے |
| .10 | " اورنگِ سلیماں" کیا ہے؟ | تشبیہ | استعارہ | تلمیح | کنایہ |
| .11 | ٹیکے کوچوان کے والد کا نام تھا۔ | صدیقا | بشیرا | مجیدا | لطیف |
| .12 | نوجوان نے پیار سے بلی کی پیٹھ پر ہاتھ پھیرا اور کہا: | او سوری | نو تھینک یُو | پور لٹل سول | کیا خوب صورت ہے |
| .13 | گندے انڈوں کا موزوں محلِ استعمال ہے۔ | ٹوکری | بیکری | جلسہ | کرکٹ میچ |
| .14 | یہ گھوڑا گاڑی کس ____ ہے؟ | کے | کا | کی | کیں |
| .15 | ابوالقاسم زہراوی نے اہلِ یورپ کو روشناس کرایا۔ | فنِ تعمیرات | فنِ دوا سازی | سرجری کے فن | فنِ کیمیا گری |
| .16 | ارکانِ تشبیہ ہوتے ہیں۔ | دو | تین | چار | پانچ |
| .17 | یہ لڑکی ____ گاتی ہے۔ | اچھا | اچھی | اچھے | اچھی سی |
| .18 | جس چیز یا شخص کیلئے لفظ ادھار لیا جائے، کہلاتا ہے۔ | وجہ شبہ | مستعار لہٗ | مستعار منہٗ | مشبہ بہ |
| .19 | ارکانِ استعارہ میں شامل ہے۔ | حرفِ تشبیہ | وجہ شبہ | وجہ جامع | اداتِ تشبیہ |
| .20 | " ہستی اپنی حباب کی سی ہے یہ نمائش سراب کی سی ہے"<br>اِس شعر میں اصطلاح استعمال ہوئی ہے۔ | تشبیہ | استعارہ | تلمیح | مجاز مرسل |

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Sahiwal Board-2022

Roll No. (اُمیدوار خود پُر کرے)

اُردو (لازمی) H.S.S.C (11th)-A-2022 وقت : 2:40 گھنٹے

پرچہ : I گروپ : پہلا انشائی نمبر : 80

pakcity.org

## حصہ دوم

2. (الف) نظم کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے، نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھئے۔ 10=1+1+4+4

کوئی دن جاتا ہے پیدا ہوگی اک دنیا نئی خونِ مسلم صرفِ تعمیرِ جہاں ہو جائے گا
بجلیاں غیرت کی تڑپیں گی فضائے قدس میں حق عیاں ہو جائے گا، باطل نہاں ہو جائے گا

(ب) غزل کے درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجئے، شاعر کا نام بھی لکھئے۔ 10=1+3+3+3

نہ جانا کہ دنیا سے جاتا ہے کوئی بہت دیر کی، مہرباں آتے آتے
سنانے کے قابل جو تھی بات ان کو وہی رہ گئی، درمیاں آتے آتے
مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے چمن اڑ گیا، آندھیاں آتے آتے

## حصہ سوئم

3. سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھئے۔ 15=1+1+10+3

(الف) ظرافت اور خوش طبعی ان کی جبلّت میں داخل تھی مگر جس طرح ان کی اور باتوں میں بناوٹ نہ تھی اسی طرح ظرافت اور خوش طبعی میں مطلق تصنع نہ تھا۔ تحریر میں، تقریر میں، بات چیت میں جو لطیفہ یا شوخی ان کو سوجھ جاتی تھی اگرچہ کیسی ہی شرم وحجاب کی بات ہو ان سے ضبط نہ ہو سکتی تھی مگر ہر ایک امر کے بیان کرنے کا خدا نے ایسا سلیقہ دیا تھا کہ کوئی بات تہذیب کی حد سے متجاوز نہ ہونے پاتی تھی۔

(ب) جب اچھن کی ماں مری تھی تو بازار میں آٹا چار سیر روپے کا مل جاتا تھا اور اب ڈھائی روپے سیر بھی مشکل سے ملتا۔ ہر چیز مہنگائی کی انتہا کو پہنچ چکی تھی لیکن دکان کا پرانا منشی اتنا ہی سستا تھا جتنا بیس سال پہلے۔ اس کی آنکھوں کے سامنے لڑائی شروع ہونے سے قبل جو چیزیں دو پیسے کو لے کر دکان میں بھری گئی تھیں وہ لڑائی شروع ہوتے ہی مہنگی ہوتی گئیں یہاں تک کہ دو پیسے کی چیز نے آٹھ دس گنا نفع دیا، گویا چیزیں جیسے جیسے پرانی ہوتی گئیں ویسے ویسے قیمتی بھی لیکن اس پرانے منشی کے دس روپے کی قیمت بازار میں گھٹتی ہی چلی گئی۔

4. کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے اور مصنف کا نام بھی لکھئے۔ 10=1+9

(الف) اوور کوٹ (ب) لاہور کا جغرافیہ

5. حفیظ جالندھری کی نظم "ہلالِ استقلال" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 5

6. مہنگائی کے موضوع پر دو دوستوں کے درمیان مکالمہ تحریر کیجئے۔ 10

**یا**

کالج میں جلسہ تقسیم انعامات کی روداد تحریر کیجئے۔

7. تعلیمی بورڈ کے چیئرمین کے نام سند کے حصول کی درخواست تحریر کیجئے۔ 10

8. درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجئے۔ 10=2+8

مشہور شاعر فیض احمد فیضؔ ذہنی طور پر ایک رومانوی اور ترقی پسند شاعر تھے۔ وہ بیسویں صدی کے ایک ایسے منفرد شاعر کے طور پر سامنے آئے ہیں کہ جن کا نظریۂ فن اور تصورِ عشق دوسرے شاعروں سے جدا ہے۔ فیض کی شاعری حقیقت اور رومان کے امتزاج سے جنم لیتی ہے۔ فیض کا رومان انقلابی ہے۔ اس کے ہاں محبوب سے پہلو تہی کہیں دکھائی نہیں دیتی بلکہ فیض اپنی شاعری میں وطن کو محبوب کے طور پر سوچتے اور پیش کرتے دکھائی دیتے ہیں۔



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Sahiwal Board-2022

Roll No. (اُمیدوار خود پُر کرے)

H.S.S.C (11th)-A-2022

اُردو (لازمی) وقت : 20 منٹ

پرچہ: I گروپ : دوسرا معروضی۔ (iv) نمبر : 20

Paper Code 6 0 2 8

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں۔ اپنی جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

pakcity.org

سوال نمبر۔1 حصہ اول

| جزو | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | نصاب میں شامل کس سبق میں اچھن کا کردار ملتا ہے؟ | ادیب کی عزت | سفارش | چراغ کی لو | اوور کوٹ |
| .2 | استعارہ کی نشاندہی کیجیے۔ | آتشِ نمرود | دودھ سا سفید | میرا چاند | چاند جیسا |
| .3 | استعارہ کی بنیاد رکھی جاتی ہے۔ | مجاز پر | حقیقت پر | تلمیح پر | حقیقت اور مجاز پر |
| .4 | کسی شخص کی خوبصورتی یا دلیری وغیرہ کو بیان کرنا کہلاتا ہے۔ | وجہ شبہ | غرض تشبیہ | مستعار لہٗ | مستعار منہ |
| .5 | اس نے سر پر سبز فلیٹ ہیٹ ______ ہے۔ | رکھے | رکھا | رکھی | رکھیں |
| .6 | "مکاتیب اقبال" کے مرتب کا نام بتائیے۔ | تبسم کاشمیری | رام بابو سکینہ | غلام رسول مہر | سید مظفر حسین برنی |
| .7 | "اَلْفَقرُ فَخْرِی" علم بدیع کی رو سے کیا ہے؟ | تلمیح | تلمیح | تشبیہ | استعارہ |
| .8 | غزل اور قصیدہ کے لیے ضروری ہے۔ | قافیہ | مطلع | مقطع | ردیف |
| .9 | ابوالقاسم کا اصل نام تھا۔ | قاسم بن عباس | جابر بن عباس | محمد بن عباس | خلف بن عباس |
| .10 | مقطع کی پہچان ہے۔ | پہلا شعر | دوسرا شعر | تخلص | قافیہ |
| .11 | دکان میں بن ______۔ | برسی | برسا | برسے | برسیں |
| .12 | اس نے رومال کوٹ ______ آستین میں اڑس رکھا تھا۔ | کیں | کے | کا | کی |
| .13 | "دلہن چاند کی طرح خوبصورت ہے" اس جملے میں چاند ہے۔ | مشبہ بہ | مشبہ | حرفِ تشبیہ | وجہ شبہ |
| .14 | راجہ صاحب نے خیر مقدم ______۔ | کیا | کی | کیے | کیں |
| .15 | ادبی خدمت اور فربہی میں خدا واسطے ______ بیر ہے۔ | کا | کی | کے | کیں |
| .16 | سبق "سفارش" کا مرکزی کردار کون سا ہے؟ | بابو جی | فیکا | صدیقہ | رشیدا |
| .17 | مقطع کس زبان کا لفظ ہے؟ | ہندی | اُردو | فارسی | عربی |
| .18 | انسان کی نہایت عمدہ قوت ہے۔ | شرافت | دولت | عزت | غیرت |
| .19 | اگر غزل میں دوسرا شعر بھی ہم قافیہ اور ہم ردیف ہو تو اسے کہتے ہیں۔ | مطلع | مطلع ثانی | مطلع ثالث | حسن مطلع |
| .20 | اُفق پر چاند اور سورج نکلنے کی جگہ کو کہتے ہیں۔ | مطلع | مقطع | قافیہ | ردیف |

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Sahiwal Board-2022

Roll No. (امیدوار خود پُر کرے)

اُردو (لازمی) H.S.S.C (11th)-A-2022 وقت : 2:40 گھنٹے

پرچہ : I گروپ : دوسرا انشائی نمبر : 80

pakcity.org

## حصّہ دوم

2. (الف) نظم کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے، نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10=1+1+4+4

تجھے آبا سے اپنے، کوئی نسبت ہو نہیں سکتی کہ تو گفتار، وہ کردار، تو ثابت، وہ سیّارا

مگر وہ علم کے موتی، کتابیں اپنے آبا کی جو دیکھیں ان کو یورپ میں تو دل ہوتا ہے سیپارا

(ب) غزل کے درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے، شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10=1+3+3+3

یہ جو دو آنکھیں، مُند گئیں میری اس پہ وا ہوتیں، ایک بار اے کاش!

جان آخر تو جانے والی تھی اس پہ کی ہوتی، میں نثار اے کاش!

اس میں راہِ سخن نکلتی تھی شعر ہوتا ترا شعار، اے کاش!

## حصّہ سوئم

3. سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 15=1+1+10+3

(الف) ایسی کامل و جامع ہستی جو اپنی زندگی میں ہر نوع اور ہر قسم، ہر گروہ اور ہر صنفِ انسانی کیلئے ہدایت کی مثالیں اور نظیریں رکھتی ہو، وہی اس لائق ہے جو اس اصناف و انواع سے بھری ہوئی دنیا کی عالم گیر اور ابدی رہنمائی کا کام سرانجام دے، جو غیظ و غضب اور رحم و کرم، جود وسخا اور فقر و فاقہ، شجاعت و بہادری اور رحم دلی، رقیق القلبی، دنیا اور دین دونوں کیلئے ہمیں اپنی زندگی کے نمونوں سے بہرہ مند کر دے۔

(ب) یہ شخص اپنے فرائض کے سوا جن کو وہ اپنے اوپر لازم سمجھتا تھا، در حقیقت کسی چیز سے تعلق نہ رکھتا تھا۔ باوجود وہ قطعی مایوسی کے جو اس کو مسلمانوں کی طرف سے تھی اور جس کو وہ اکثر پرائیویٹ صحبتوں میں نہایت افسوس کے ساتھ ظاہر کرتا تھا اس کی کوششیں آخر دم تک جاری رہیں۔ یہ اسی کی ہمت اور اسی کا حوصلہ تھا جو اس کی ذات پر ختم ہو گیا۔

4. کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 10=1+9

(الف) سفارش (ب) اوور کوٹ

5. نظیر اکبر آبادی کی نظم "تسلیم و رضا" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6. دو دوستوں کے درمیان "بے روزگاری" کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

**یا**

کالج میں منعقدہ "جلسہ تقسیم انعامات" کی روداد قلم بند کیجیے۔

7. چیئرمین بلدیہ کے نام محلے کی صفائی کیلئے درخواست لکھیے۔ 10

8. درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 10=2+8

جب دل میں کسی بڑے مقصد کی خواہش ہو مگر اُس کیلئے صلاحیت نہ ہو تو ہم پریشان رہتے ہیں۔ سکون کیلئے ضروری ہے کہ یا تو خواہشیں کم کی جائیں یا صلاحیت بڑھائی جائے، ہر خواہش کی تکمیل کیلئے ایک عمل ہے، عمل نہ ہو تو خواہش محض خواب ہے۔ ہمیں جیسی زندگی کی طلب ہو ویسا عمل درکار ہے اور جیسی عافیت چاہیے ویسا عمل کرنا ہو گا۔ دُنیا میں سربلندی محنت کرنے والوں کیلئے ہے اور آخرت میں سرفرازی نیکی والوں کے لیے۔



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Sahiwal Board-2019

Roll No_______________ Annual 2019

اردو (لازمی) — (II) انٹر پارٹ I، کلاس گیارہویں — گروپ : I

(معروضی)

پرچہ : I — Code : 6023 — نمبر : 20

وقت : 20 منٹ

pakcity.org

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1. 1۔ مطلع کا لغوی معنی ہے۔
(A) آغاز (B) اختتام (C) طلوع ہونے کی جگہ (D) غروب ہونے کی جگہ

2۔ قافیہ کہتے ہیں۔
(A) ہم آواز الفاظ کو (B) ہم معنی الفاظ کو (C) مترادف الفاظ کو (D) مستقل کلمات کو

3۔ مطلع غزل کا ہوتا ہے۔
(A) پہلا شعر (B) دوسرا شعر (C) تیسرا شعر (D) آخری شعر

4۔ وہ مستقل الفاظ / لفظ جو قافیے کے بعد بار بار ہر شعر میں آئیں، کہلاتے ہیں۔
(A) قافیہ (B) ردیف (C) مطلع (D) مقطع

5۔ غزل کا آخری شعر جس میں تخلص نہ ہو کہلاتا ہے۔
(A) مقطع (B) قافیہ (C) تلمیح (D) آخری شعر

6۔ میں نے زخم پر مرہم ۔۔۔۔۔۔۔
(A) لگائی (B) لگایا (C) لگائے (D) لگے

7۔ یہ میرے دوست ۔۔۔۔۔۔ قلم ہے۔
(A) کی (B) کا (C) کے (D) کو

8۔ میز خالی ۔۔۔۔۔۔ ہے۔
(A) پڑا (B) پڑی (C) پڑے (D) پڑیں

9۔ ملازمہ نے جہاز نہیں ۔۔۔۔۔۔
(A) دی (B) دیا (C) دیے (D) دیں

10۔ اُسے اُردو نہیں ۔۔۔۔۔۔
(A) آتا (B) آتی (C) آتے (D) آتیں

11۔ انسان کی اصل چمک دمک ہے۔
(A) غیرت (B) عزت (C) حکومت (D) ایمان

12۔ حضرت قنبر کی بیوی کا نام تھا۔
(A) رضیہ (B) رقیہ (C) سکینہ (D) آسیہ

13۔ علامہ اقبالؒ کا پہلا خط بنام ہے۔
(A) مرزا غالب (B) اکبر الہ آبادی (C) سر عبدالقادر (D) مولانا گرامی

14۔ لاہور میں بہم رسانی آب کا منصوبہ بنایا۔
(A) جہانگیر نے (B) نظام سقہ نے (C) انگریزوں نے (D) مغلوں نے

15۔ ابن انشاء نے کہاں جا کر دم لیا؟
(A) کوپن ہیگن (B) جاکرتا (C) کولمبو (D) پیکنگ

16۔ درج ذیل میں استعارہ ہے۔
(A) آتش نمرود (B) میرا شیر آیا (C) صورت خورشید (D) آب حیات

17۔ مشبہ اور مشبہ بہ کو کہا جاتا ہے۔
(A) حروف تشبیہ (B) وجہ جامع (C) طرفین تشبیہ (D) غرض تشبیہ

18۔ استعارہ کے ارکان کی تعداد ہے۔
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

19۔ تلمیح کی نشاندہی کیجیے۔
(A) خار و گل (B) چاند جیسا چہرہ (C) چاہ یوسف (D) دیدۂ تر

20۔ جس چیز / شخص کو تشبیہ دی جائے وہ ہے۔
(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) حروف تشبیہ (D) طرفین تشبیہ



Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Sahiwal Board-2019

Roll No____________ Annual 2(

پرچہ : I (انٹر پارٹ I ، کلاس گیارہویں) (لازمی)

گروپ : I

نمبر : 80 (انشائی) وقت : 2.40 گھنٹے

pakcity.org

(حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل نظم کے اشعار کی تشریح کیجیے، نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 4+4+1+1=10

تُو مقصدِ تخلیق ہے ، تُو حاصلِ ایماں  جو تجھ سے گریزاں ، وہ خدا سے ہے گریزاں
کردار کا یہ حال ، صداقت ہی صداقت  اَخلاق کا یہ رنگ کہ قرآں ہی قرآں

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 3+3+3+1=10

ہوائے دَورِ مئے خوش گوار ، راہ میں ہے  خزاں چمن سے ہے جاتی ، بہار راہ میں ہے
عدم کے کوچ کی لازم ہے فکر ، ہستی میں  نہ کوئی شہر ، نہ کوئی دیار ، راہ میں ہے
نہ بدرقہ ہے ، نہ کوئی رفیق ساتھ اپنے  فقط عنایتِ پروردگار ، راہ میں ہے

(حصہ دوم)

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 1+1+3+10=15

(الف) جوانی ہی میں اُنہیں یہ بیماری لگ گئی تھی اور آج بیس سال سے وہ اسے پالے ہوئے تھے۔ اُس بے نیازی کی شان سے جو ادیبوں کی امتیازی صفت ہے، انہوں نے کسبِ معاش کے کسی اور ذریعہ کی طرف توجہ نہ کی۔ اس بیماری میں جسم گھل گیا۔ صحت گھل گئی اور چالیس سال کی عمر ہی میں بڑھاپے نے آ کر گھیر لیا مگر یہ مرض لاعلاج ہے۔ طلوعِ آفتاب سے آدھی رات تک یہ ادب کا پجاری دُنیا و مافیہا سے بے خبر فکرِ سخن میں غرق رہتا۔

(ب) اب اس کو میری سادہ لوحی کہیے یا خلوصِ نیت کہ شروع شروع میں میرا خیال تھا کہ انسان محبت کا بھوکا ہے اور جانور اس واسطے پالتا ہے کہ اپنے مالک کو پہچانے اور اُس کا حکم بجالائے۔ گھوڑا اپنے سوار کا آسن اور ہاتھی اپنے مہاوت کا آنکس پہچانتا ہے۔ کتا اپنے مالک کو دیکھتے ہی دُم ہلانے لگتا ہے۔ جس سے مالک کو روحانی خوشی ہوتی ہے۔ سانپ بھی سپیرے سے ہل جاتا ہے لیکن مُرغیاں؟ میں نے آج تک کوئی مُرغی ایسی نہیں دیکھی جو کسی اور کو پہچانے اور جس کو اپنے پرائے کی تمیز ہو۔

4۔ درج ذیل نصابی اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 9+1=10

(i) سفارش (ii) لاہور کا جغرافیہ

5۔ سید محمد جعفری کی نظم " ایبسٹریکٹ آرٹ " کا خلاصہ تحریر کیجیے: 5

6۔ یوم قائداعظم پر منعقد ہونے والی تقریب کی روداد لکھیے یا گاہک اور سبزی فروش کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

7۔ کالج کے پرنسپل کے نام تعلیمی سیر پر جانے کی درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 8 + 2 = 10

انسان کو ایک ایسی ہستی بنایا گیا ہے جس کی فطرت میں آزادی اور خود مختاری رکھی گئی ہے۔ وہ ذی عقل اور ذی شعور ہے۔ اس کو تمام قوائے ظاہری اور باطنی دیئے گئے ہیں۔ ان کے استعمال پر جس طرح کہ وہ چاہے قادر ہے۔ تمام کاموں کے شروع کرنے کی سمجھ اور ان کا انجام اِسے سمجھا دیا گیا ہے تاکہ ہر کام کا آغاز اور انجام اچھی طرح سوچ لے۔ انسان کی فطرت ایسی ہے کہ اپنے لئے آپ تمام چیزیں مہیا کرنے کے لئے حاجت مند بھی ہیں اور وہ تمام ضروریاتِ زندگی فراہم کر بھی سکتا ہے، بلکہ ایسا کرنے کی بھرپُور قدرت رکھتا ہے۔

201- 319 - 31000

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org
pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Sahiwal Board-2019

Roll No______________ Annual 2

(لازمی) (II) انٹرپارٹ ا، کلاس گیارہویں گروپ : II

(معروضی)

، : 20 منٹ نمبر : 20

Code : 6024

چہ : I

نوٹ: ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

pakcity.org

1. 1- درج ذیل میں تلمیح کی نشاندہی کریں۔

(A) ابن آدم (B) ابن الوقت (C) ابن مریم (D) ابن خلدون

2- لفظ کے حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق کہلاتا ہے۔

(A) حرف تشبیہ (B) استعارہ (C) تشبیہ (D) مطلع

3- کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے۔ اس میں مستعار منہ ہے۔

(A) آمد (B) حضرت عباس (C) رن (D) شیر

4- ارکان تشبیہ کی تعداد ہے۔

(A) تین (B) چار (C) پانچ (D) چھ

5- وہ چیز جس کو تشبیہ دی جائے وہ رکن ہے۔

(A) غرض تشبیہ (B) مشبہ (C) مشبہ بہ (D) وجہ شبہ

6- پطرس بخاری نے " نصف دریا " کہا ہے۔

(A) بیاس کو (B) چناب کو (C) سندھ کو (D) راوی کو

7- ڈاکٹر " لی کارک " نے تعریف کا ترجمہ کس زبان میں کیا؟

(A) عربی میں (B) فارسی میں (C) فرانسیسی میں (D) عبرانی میں

8- بحوالہ " کیا واقعی دنیا گول ہے " فضل الباری تھے۔

(A) وزیر داخلہ (B) وزیر صحت (C) وزیر خارجہ (D) وزیر پانی

9- سبق " اُسوہ حسنہ " کس کتاب سے ماخوذ ہے؟

(A) سیرت النبی (B) خطبات مدراس (C) خطبات مدراس (D) مقالات

10- بحوالہ " اوورکوٹ " نوجوان نے سر پر پہن رکھا تھا۔

(A) فیلٹ ہیٹ (B) لمبا ہیٹ (C) آری ہیٹ (D) باولر ہیٹ

11- اُسے اردو نہیں ------- ہے / ہیں۔

(A) آتیں (B) آتی (C) آتا (D) آتے

12- کابینہ نے حلف ------

(A) لی (B) لیں (C) لیے (D) لیا

13- جنوری ختم ------- ہے / ہیں۔

(A) ہوگیا (B) ہوگئے (C) ہوگئی (D) ہوگئیں

14- نیکی ---- راہ بہت مشکل ہے۔

(A) کی (B) کا (C) کے (D) کو

15- یہ غار ------- ہے / ہیں۔

(A) کتنا لمبا (B) کتنے لمبے (C) کتنی لمبی (D) کتنے لمبی

16- مطلع کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) فارسی (B) اردو (C) عربی (D) ترکی

17- مقطع کے لئے شرط ہے۔

(A) آخری شعر اور تخلص (B) پہلا شعر اور تخلص (C) کوئی بھی شعر اور تخلص (D) تخلص

18- اس شعر میں "ردیف " کی فہرست ہے۔ " ہستی اپنی حباب کی سی ہے یہ نمائش سراب کی سی ہے "

(A) ہستی، حباب (B) نمائش، سراب (C) حباب، سراب (D) کی سی ہے، کی سی ہے

19- قافیہ کی جمع ہے۔

(A) قوافیات (B) قفا (C) قافیات (D) قوافی

20- ردیف کا لفظی معنی ہے۔

(A) پیچھے آنے والا (B) سوار ہونے والا (C) گھڑ سوار کے پیچھے بیٹھنے والا (D) مثال دینا

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org
EDUCATION pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Sahiwal Board-2019

Roll No__________Annual 2019

اردو (لازمی) (انٹر پارٹ I ، کلاس گیارہویں) پرچہ : I

گروپ : II

وقت : 2.40 گھنٹے (انشائی) نمبر : 80

pakcity.org

(حصہ اول)

2۔ (الف) درج ذیل نظم کے اشعار کی تشریح کیجیے، نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 4+4+1+1=10

نوکری کے لئے اخبار کے اعلان نہ پڑھ — جان پہچان کی باتیں ہیں ، کہا مان ، نہ پڑھ

جن کو ملتی ہو ، انھیں پہلے ہی مل جاتی ہے — بس دکھاوے ہی کے ہوتے ہیں یہ فرمان نہ پڑھ

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 3+3+3+1=10

اثر اس کو ، ذرا نہیں ہوتا — رنج ، راحت فزا نہیں ہوتا

ذکرِ اغیار سے ہوا معلوم — حرف ناصح بُرا نہیں ہوتا

تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے — ورنہ دُنیا میں کیا نہیں ہوتا

(حصہ دوم)

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 1+1+3+10=15

(الف) محمد رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا وجود مبارک ایک آفتابِ عالم تاب تھا جس سے اونچے پہاڑ، ریتلے میدان، بہتی نہریں، سرسبز کھیت، اپنی اپنی صلاحیت اور استعداد کے مطابق تابش اور نور حاصل کرتے تھے یا ابرِ باراں تھا، جو پہاڑ اور جنگل، میدان اور کھیت، ریگستان اور باغ ہر جگہ برستا تھا اور ہر ٹکڑا اپنی اپنی استعداد کے مطابق سیراب ہو رہا تھا۔ قسم قسم کے درخت اور رنگا رنگ پھول اور پتے جم رہے تھے اور اُگ رہے تھے۔

(ب) ہم سوچتے ہیں کہ کہیں ایسا نہ ہو مشرق ہاتھ میں رہے، نہ مغرب۔ کیا عجب سند باد کی طرح کسی نادیدہ جزیرے میں جا نکلیں جہاں کسی پیر تسمہ پا سے مڈ بھیڑ کا بھی اتنا ہی خطرہ ہے جتنا کسی شہزادی مہر افروز کے ہم پر جان سے عاشق ہونے کا۔ بلکہ پہلا امکان کچھ زیادہ ہی ہے۔ تاہم اے دوستو ! اب کیا ہو سکتا ہے۔ اب تو ہم دنیا کے گول ہونے کا ثبوت لینے کو چل دیے۔ گھر سے نکل پڑے جیسے حاتم طائی منیر شامی کی محبوبہ کی فرمائش پر انڈے کے برابر موتی اور کوہِ ندا کی تلاش میں نکل گیا تھا۔

4۔ درج ذیل نصابی اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 9+1=10

(i) اوور کوٹ (ii) لاہور کا جغرافیہ

5۔ نظیر اکبر آبادی کی نظم " تسلیم و رضا " کا خلاصہ تحریر کیجیے: 5

6۔ دو دوستوں کے درمیان امتحانی نظام کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

یا

اپنے کالج میں " یوم اقبال " کے حوالے سے ہونے والی تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔

7۔ چیئرمین بلدیہ کے نام محلے کی صفائی کے لئے درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 8 + 2 = 10

انسان کو ہر وقت ایسی چیز کی فکر کرنی چاہیے جس کے لئے وہ پیدا کیا گیا ہے اور جو چیز اس کو حقیقت میں کام آنے والی ہے وہ اُس کی فکر خدا کی مرضی اور اس کی خوشنودی حاصل کرنے کا شوق و جذبہ ہے۔ اگر انسان کے اندر یہ چیز نہیں تو خواہ وہ بڑے سے بڑا ادیب ہو یا بڑا مُفکر اور فقیہہ ہو، وہ اس دولت سے محروم رہے گا۔ یہ ممکن ہے کہ تھوڑی دیر کے لئے کچھ ناموری حاصل کر لے مگر آگے اُس کا کچھ حصہ نہیں۔ حقیقت میں جو چیز کام آنے والی ہے وہ خدا کا خوف اور آخرت کی فکر ہے وہ اللہ کی مرضی کی تلاش ہے اور ہر حال میں اُس کی رضا کے سامنے سر جھکا دینا ہے۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Sahiwal Board-2018

Roll No_____________ Annual 2018

اردو (لازمی) ( III ) انٹر پارٹ I، کلاس گیارہویں گروپ : I

وقت : 20 منٹ (معروضی) نمبر : 20

پرچہ : I Code : 6025

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C, B, A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

pakcity.org

1. 1۔ استعارہ کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) عربی (B) فارسی (C) اردو (D) ہندی

2۔ " حُسنِ یوسف " میں کونسی شعری اصطلاح ہے؟

(A) استعارہ (B) مجازِ مرسل (C) تلمیح (D) تشبیہ

3۔ کراچی سے تار ________ ۔

(A) آئی (B) آیا (C) آئے (D) آؤ

4۔ میں نے زخم پر مرہم ________ ۔

(A) لگاؤ (B) لگایا (C) لگائی (D) لگائے

5۔ اس ______ ناک دیکھو۔

(A) کا (B) کی (C) کے (D) کو

6۔ کیا یار بھروسہ ہے چراغِ سحری کا ۔۔۔ ٹک میرؔ جگر سوختہ کی جلد خبر لے ۔۔۔ یہ شعر کیا ہے؟

(A) مطلع (B) مقطع (C) قافیہ (D) ردیف

7۔ " بالِ جبریل " میں نے نہیں ________

(A) پڑھا (B) پڑھی (C) پڑھے (D) پڑھیں

8۔ وہ الفاظ جو قافیے کے بعد بار بار دہرائے جاتے ہیں، کہلاتے ہیں:

(A) مطلع (B) مقطع (C) ردیف (D) قافیہ

9۔ غیر مردّف غزل ہوتی ہے۔

(A) جس میں قافیہ نہ ہو (B) جس میں ردیف نہ ہو (C) جس میں مقطع نہ ہو (D) جس میں مطلع نہ ہو

10۔ گُل کو ہوتا صبا قرار اے کاش ۔۔۔ رہتی ایک آدھ دن بہار اے کاش ۔۔۔ اس شعر میں قافیہ ہے:

(A) گُل کو (B) مقطع (C) قرار ، بہار (D) اے کاش

11۔ قافیہ کی بنیادی شرط کیا ہے؟

(A) ہم آواز الفاظ (B) ہم شکل الفاظ (C) ہم ردیف الفاظ (D) ہم مرتبہ الفاظ

12۔ قرطبہ کی شاہی لائبریری میں کتابیں تھیں۔

(A) ایک لاکھ (B) ایک لاکھ سے زائد (C) دو لاکھ سے زائد (D) تین لاکھ سے زائد

13۔ ابوالقاسم زہراوی نے اہلِ یورپ کو کس فن سے روشناس کرایا؟

(A) فنِ تعمیرات (B) فنِ دوا سازی (C) سرجری کا فن (D) کیمیاگری

14۔ نواب مصطفٰے خاں رہا ہو کر کس شہر گئے؟

(A) دہلی (B) لکھنؤ (C) بنارس (D) میرٹھ

15۔ نوجوان کو حادثہ کس سڑک پر جاتے ہوئے پیش آیا؟

(A) ڈیوس روڈ پر (B) لارنس روڈ پر (C) مال روڈ پر (D) میکلوڈ روڈ پر

16۔ مطلع کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) عربی (B) فارسی (C) ہندی (D) اردو

17۔ مطلع کا لغوی معنی ہے۔

(A) کاٹنا (B) طلوع ہونا (C) طلوع ہونے کی جگہ (D) جوڑنا

18۔ غزل کا آخری شعر جس میں تخلص موجود ہو، کہلاتا ہے۔

(A) مطلع (B) حسنِ مطلع (C) مقطع (D) مطلع ثانی

19۔ سرسید کھانے کے بعد کیا پیتے تھے؟

(A) چائے (B) دودھ (C) کافی (D) کھجوریں

20۔ تشبیہ کے ارکان کی تعداد ہے۔

(A) چار (B) تین (C) پانچ (D) دو

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Sahiwal Board-2018 Roll No________________ Annual 2018

اردو (لازمی) (انٹر پارٹ ا ، کلاس گیارہویں)

پرچہ : ا

گروپ : ا

وقت : 2.40 گھنٹے

نمبر : 80

(انشائی)

pakcity.org

(حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل نظم کے اشعار کی تشریح کیجیے، نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 4+4+1+1=10

تُو مقصدِ تخلیق ہے ، تُو حاصلِ ایماں    جو تجھ سے گریزاں ، وہ خدا سے ہے گریزاں

کردار کا یہ حال ، صداقت ہی صداقت    اَخلاق کا یہ رنگ کہ قرآں ہی قرآں

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 3+3+3+1=10

یہ آرزو تھی ، تجھے گُل کے روبرو کرتے    ہم اور بلبلِ بے تاب ، گفتگو کرتے

پیام بر نہ میسّر ہُوا تو خوب ہُوا    زبانِ غیر سے کیا شرحِ آرزو کرتے

بری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ    کسی حبیب کی ، یہ بھی ہیں جستجو کرتے

(حصہ دوم)

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 1+1+3+10=15

(الف) سرسید کو ہمیشہ اپنے کنبے کے ساتھ حد سے زیادہ لگاؤ رہا ہے۔ بھائی کی موت کا صدمہ ان کو بیس برس نہیں بھولا۔ سنا ہے کہ ان کے عزیز ان کے سامنے بھائی کا ذکر اس لئے نہیں کرتے ہیں کہ اُن کا داغ تازہ ہو جائے گا۔ بہت مدت کے بعد ان کی بھتیجی کے منہ سے باپ کا کچھ ذکر نکل گیا تھا۔ سرسید کی حالت ایسی متغیر ہوگئی کہ گویا آج ہی بھائی کا انتقال ہوا ہے۔ اپنی والدہ کے ساتھ جیسی اُن کی وابستگی تھی ایسی بہت ہی کم سُنی گئی ہے۔

(ب) جہاں ضروریاتِ زندگی کی قیمتوں کا دائرہ روز بروز تنگ ہی ہوتا جا رہا تھا۔ اُس نے شاہ کوٹ کی مزدوروں نے مہنگائی بھتہ لینا شروع کر دیا کسانوں کی بَن آئی۔ معمولی دکانوں کے ملازموں کی تنخواہوں میں بھی اضافہ ہو گیا اور یہاں تک کہ بوجھ اُٹھانے والوں نے بھی اپنی مزدوری بڑھا دی تو اس کے دل میں بھی امنگ اُٹھی کہ مالک سے صاف کہہ دے کہ میری تنخواہ بڑھاؤ۔

4۔ درج ذیل نصابی اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 9+1=10

(i) اوور کوٹ    (ii) چراغ کی لو

5۔ اختر شیرانی کی نظم " برسات " کا خلاصہ تحریر کیجیے: 5

6۔ یومِ پاکستان کے موقع پر منعقد ہونے والی تقریب کی روداد لکھیے یا گاہک اور دکاندار کے درمیان مکالمہ لکھیے۔ 10

7۔ رسید وصولی رقم " موٹر سائیکل " تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 8 + 2 = 10

بادشاہ ہو یا گدا ، امیر ہو یا غریب ، حاکم ہو یا محکوم ، قاضی ہو یا گواہ ، افسر ہو یا سپاہی ، استاد ہو یا شاگرد ، عابد و زاہد ہو یا کاروباری ، غازی ہو یا شہید ، توحید کا نور ، اخلاص کی رو ، قربانی کا ولولہ ، خلق کی ہدایت اور رہنمائی کا جذبہ اور بالآخر ہر کام میں خدا کی رضا طلبی کا جوش ہر ایک کے اندر کام کر رہا تھا۔ وہ جو کچھ بھی ہو ، جہاں بھی ہو یہ فیضانِ حق سب میں یکساں اور برابر تھا ۔ راستوں ، رنگوں اور مذاقوں کا اختلاف تھا مگر خدا ایک تھا ، قرآن ایک تھا ، رسول ایک تھا اور قبلہ ایک تھا۔ ہر رنگ ، ہر راستہ اور ہر کام سے مقصود دنیا کی درستی ، خلق کی ہمدردی ، خدا کے کے نام کی اونچائی اور حق کی ترقی تھی اور اِن کے سوا کوئی چیز ان کے پیشِ نظر نہ تھی۔

201- 318 -26000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Sahiwal Board-2018 Roll No______________ Annual 2018

اردو (لازمی) انٹر پارٹ I، کلاس گیارہویں (III) گروپ : II

وقت : 20 منٹ (معروضی) نمبر : 20

پرچہ : I Code : 6026

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

pakcity.org

1. i۔ " ہستی اپنی حباب کی سی ہے    یہ نمائش سراب کی سی ہے " اس شعر میں قافیہ کی نشان دہی کیجئے۔
(A) ہستی اپنی (B) یہ نمائش (C) حباب ، سراب (D) کی سی ہے

ii۔ قافیہ کس زبان کا لفظ ہے؟
(A) ہندی (B) فارسی (C) عربی (D) ترکی

iii۔ اگر کسی غزل کے پہلے شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ نہ ہوں تو وہ کہلائے گا۔
(A) قطعہ (B) غزل کا آخری شعر (C) مقطع (D) غزل کا پہلا شعر

iv۔ " اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا    رنج راحت فزا نہیں ہوتا " اس شعر میں ردیف ہے۔
(A) ذرا (B) نہیں ہوتا (C) فزا (D) راحت فزا

v۔ " نہیں کھیل اے داغ یاروں سے کہہ دو " یہ ہے:
(A) مطلع (B) تلمیح (C) مقطع (D) بند

vi۔ گنگا اور جمنا ہندوستان میں ______۔
(A) بہتے ہیں (B) بہتیں ہیں (C) بہتا ہے (D) بہتی ہیں

vii۔ دایاں پاؤں اندر رکھتے ہی رکاب ٹوٹ ______۔
(A) گئے (B) گیا (C) گئی (D) گئیں

viii۔ سلاجیت بہت ______ ہے۔
(A) مہنگا (B) مہنگی (C) مہنگے (D) مہنگیں

ix۔ اس نے خودکشی کرنے کے لئے سنکھیا ______۔
(A) کھایا (B) کھائے (C) کھائیں (D) کھائی

x۔ خطرناک قیدیوں کے لئے ایک ______ جیل بنانے کی ضرورت ہے۔
(A) نیا (B) نئی (C) نئے (D) سیں

xi۔ " سبق اوورکوٹ " کے مطابق ٹائی کا رنگ تھا۔
(A) کالا (B) سفید (C) براؤن (D) سفید اور کالا

xii۔ اچھن کے باپ نے بیڑہ بجھا کر کہاں رکھی؟
(A) میز پر (B) چارپائی پر (C) کان پر (D) دیوار پر

xiii۔ غالب نے مرزا ہرگوپال تفتہ کو خط کس دن لکھا؟
(A) بدھ کو (B) جمعرات کو (C) جمعہ کو (D) ہفتہ کو

xiv۔ ابن انشا کو پیکنگ سے پہلے تو کہاں جا کر رُکے؟
(A) پیکنگ (B) پیرس (C) کولمبو (D) جکارتا

xv۔ بیگم وجیہہ ہاشمی کہاں کی رہنے والی تھیں؟
(A) لاہور (B) اسلام آباد (C) کراچی (D) پشاور

xvi۔ کسی شخص کی بہادری یا خوبصورتی کو بیان کرنا، کہلاتا ہے۔
(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) حرف تشبیہ (D) غرض تشبیہ

xvii۔ جس چیز کو تشبیہ دی جائے، اسے کہتے ہیں۔
(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) غرض تشبیہ (D) وجہ شبہ

xviii۔ جیسا، مانند، مثل علم بیان کی رو سے کیا ہیں؟
(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) حروف تشبیہ (D) غرض تشبیہ

xix۔ وہ شخص یا چیز جس کے لئے مستعار لیا جائے، اسے کہتے ہیں۔
(A) مستعارلہ (B) مستعارمنہ (C) مشبہ (D) مشبہ بہ

xx۔ تلمیح کہتے ہیں۔
(A) نئی بات (B) تاریخی واقعے کی طرف اشارہ (C) کوئی قول (D) نصیحت والی بات

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Sahiwal Board-2018

Roll No____________________ Annual 2018

اردو (لازمی) (انٹر پارٹ ا ، کلاس گیارہویں) پرچہ : I

گروپ : II

وقت : 2.40 گھنٹے (انشائی) نمبر : 80

pakcity.org

(حصہ اوّل)

2- (الف) درج ذیل نظم کے اشعار کی تشریح کیجئے، نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجئے۔ 4+4+1+1=10

کنڈکٹر اب یہ کہتا تھا، وہ بس چلائے کیوں جو بس میں آ گیا ہے ، کرے ہائے ہائے کیوں

جس کو ہو جاں عزیز ، مری بس میں آ ے کیوں ایسے ہی گل بدن تھے تو پیسے بچائے کیوں

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجئے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 3+3+3+1=10

کچھ غلط بھی تو نہیں تھا، مرا تنہا ہونا آتش و آب کا ممکن نہیں ، یک جا ہونا

ایک نعمت بھی یہی ، ایک قیامت بھی یہی روح کا جاگنا اور آنکھ کا ، بینا ہونا

جو برائی تھی مرے نام سے منسوب ہوئی دوستو ! کتنا بُرا تھا مرا اچھا ہونا

(حصہ دوم)

3- درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجئے نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 1+1+3+10=15

(الف) لاہور تک پہنچنے کے کئی راستے ہیں لیکن دو ان میں سے بہت مشہور ہیں، ایک پشاور سے آتا ہے، دوسرا دہلی سے۔ وسطی ایشیا کے حملہ آور پشاور کے راستے اور یو پی کے حملہ آور دہلی کے راستے وارد ہوتے ہیں۔ اوّل الذکر اہلِ سیف کہلاتے ہیں اور غزنوی یا غوری تخلص کرتے ہیں۔ مؤخر الذکر اہل زبان کہلاتے ہیں، یہ بھی تخلص کرتے ہیں اور اس میں ید طولیٰ رکھتے ہیں۔

(ب) ایک دن موسلا دھار بارش ہو رہی تھی۔ تھکا ماندہ بارش میں شرابور گھر پہنچا تو دیکھا کہ تین مُرغے میرے پلنگ پر ہیں۔ سفید چادر پر جابجا پنجوں کے تازہ نشان تھے۔ البتہ میری قبل از وقت واپسی کے سبب جہاں جہاں جگہ خالی رہ گئی وہاں سفید دھبے نہایت بدنما معلوم ہو رہے تھے۔ میں نے ذرا درشتی سے سوال کیا " آخر یہ گلا پھاڑ پھاڑ کے کیوں چیخ رہے ہیں؟"

4- درج ذیل نصابی اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 9+1=10

(i) دوستی کا پھل (ii) سرسید کے اخلاق و خصائل

5- نظیر اکبر آبادی کی نظم " تسلیم و رضا " کا خلاصہ تحریر کیجئے: 5

6- دو طالب علموں کے درمیان " اردو زبان کی اہمیت " کے موضوع پر مکالمہ لکھیے **یا** ایک نعتیہ مشاعرے کی روداد تحریر کیجئے۔ 10

7- ملازمت کے حصول کے لئے چیئرمین تعلیمی بورڈ کے نام درخواست لکھیے۔ 10

8- درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجئے۔ 8 + 2 = 10

عوام کی جان و مال، عزت و آبرو کی حفاظت اور پاسبانی حکومت کے اولین اور بنیادی فرائض میں سے سب سے اہم فرض ہے۔ اور جو حکومت اس اہم فرض کو کما حقہٗ انجام نہیں دیتی اسے مسندِ اقتدار پر متمکن رہنے کا کوئی حق نہیں حکومت کے قیام کے بارے میں جتنے نظریے بھی آج تک سامنے آئے ہیں ان میں اگر غور سے مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ انسانی معاشرت میں حکومت جیسی قوت قاہرہ کے وجود کا بنیادی جواز یہی ہے کہ وہ اپنی طاقت سے اجتماعی زندگی میں امن و امان قائم کرے اور اپنے دائرۂ اقتدار میں ایسے حالات پیدا کرے جن میں لوگ اپنی جان و مال، عزت و آبرو اور اپنے انسانی حقوق کے معاملے میں اپنے آپ کو بالکل محفوظ و مامون سمجھیں۔



Please visit for more data at: www.pakcity.org